الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 27اکتوبر ،2017

آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ (اسلام آباد) میں چیف الیکشن کمشنر نے چاروں صوبوں سے تعلق رکھنے والے الیکشن کمیشن کے 29افسران کو 6 ہفتوں کی ٹریننگ مکمل کرنے پر سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر نے اپنے خطاب میں کہا کہ عام انتخابات کو صاف شفاف اور منصفانہ کروانے کے لئے الیکشن کمیشن پوری طرح چوکس اور کوشاں ہے۔افسران سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ آپ اپنے اضلاع میں جاکر اپنے فرائض کو احسن طریقے سے انجام دیں گے۔اور یہ اب ہماری ذمہ داری ہے کہ 2018ء کے جنرل الیکشن کو صاف شفاف بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔الیکٹورل مینجمنٹ کورس(EMC) کا یہ ساتواں گروپ تھا جس میں الیکشن کمیشن کے افسران نے لیگل فریم ورک، حلقہ بندیوں،جینڈر، جنرل الیکشن قوانین ، نئے قانون الیکشن ایکٹ 2017ءاور کمپیوٹرائزڈ ووٹر لسٹ سمیت مختلف اہم موضوعات پر42 روزہ جامع ٹریننگ حاصل کی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆